سوال

(833) شوہر کے بلانے پر نفسیاتی یا بیماری کے عارضہ کی وجہ سے عورت کا انکار کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بیوی اگر شوہر کے بلانے پر اپنی کسی نفسیاتی یا بیماری کے عارضہ کے سبب انکار کرے تو کیا وہ گناہ گار ہوگی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بیوی پر واجب ہے کہ شوہر جب اسے اپنے بشتر پر بلائے تو انکار نہ کرے۔ لیکن اگر وہ کسی بیماری وغیرہ کے عارضے سے دوچار ہو کہ شوہر کا ساتھ نہ دے سکتی ہو تو شوہر کے لیے اس سے یہ مطالبہ کرنا حلال اور جائز نہیں ہے۔ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ لا ضرر ولا ضرار ''نہ دکھ دو اور نہ بدلے میں دکھ دو۔'' (سنن ابن ماجہ، کتاب الاحکام، باب من بنى فى حقه ما يضر بجاره، حدیث: 2341۔ السنن الکبری للبیہقی: 69/6، حدیث: 1166۔) اسے چاہئے کہ توقف کرے، یا اس انداز سے تمتع اکرے جس سے بیوی کو کوئی ضرر نہ ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 589

محدث فتویٰ